© rasailojaraid.com



مولانا محمد مغیرہ
خطیب جامع مسجد احرار، چناب نگر

# مرزا قادیانی کی حیرت انگیز تحریریں

آنجہانی مرزا غلام احمد قادیانی کی کتابیں اٹھائیں اور پڑھنا شروع کریں تو عجیب سے عجیب تحریریں آپ کو ملیں گی۔ ایک عقل مند شخص حیران بلکہ دنگ رہ جاتا ہے۔ آیئے! آپ کو حیران کر دینے والی مرزا قادیانی کی چند تحریریں بلا تبصرہ پیش کرتے ہیں:

(۱) ''یعنی بابو الٰہی بخش چاہتا ہے کہ تیرا حیض دیکھے یا کسی پلیدی اور ناپاکی پر اطلاع پائے مگر خدا تعالیٰ تجھے اپنے انعامات دکھلائے گا جو متواتر ہوں گے اور تجھ میں حیض نہیں بلکہ وہ بچہ ہو گیا ہے۔ ایسا بچہ جو بمنزلہ اطفال اللہ ہے (یعنی اللہ کا بچہ)۔'' (روحانی خزائن۔ جلد ۲۲، صفحہ ۱۴۳)

قارئین اس کے ساتھ ملتی جلتی ایک تحریر اور ملاحظہ فرمائیں کہ وہ (نعوذ باللہ) عیسیٰ ابن مریم کیسے بنا؟

(۲) ''مریم کی طرح عیسیٰ کی روح مجھ میں نفخ کی گئی اور استعارہ کے رنگ میں مجھے حاملہ ٹھہرایا گیا اور آخر کئی مہینے کے بعد جو دس مہینے سے زیادہ نہیں بذریعہ اس الہام کے جو سب سے آخر براہین احمدیہ حصہ چہارم ص ۵۵۶ میں درج ہے۔ مجھے مریم سے عیسیٰ بنایا گیا۔ پس اس طور سے میں ابن مریم ٹھہرا۔'' (روحانی خزائن۔ جلد ۱۹، صفحہ ۵۰)

(۳) ''قادیانی جماعت کا ایک ذمہ دار شخص مرزا کے متعلق تحریر کرتا ہے:

حضرت مسیح موعود نے ایک موقع پر اپنی حالت یہ ظاہر فرمائی ہے کہ کشف کی حالت آپ پر اس طرح طاری ہوئی کہ گویا آپ عورت ہیں اور اللہ تعالیٰ نے رجولیت کی قوت کا اظہار فرمایا۔ سمجھنے والے کے لیے اشارہ کافی ہے۔''

(اسلامی قربانی۔ صفحہ ۱۲ ٹریکٹ نمبر ۳۴۔ مصنفہ قاضی یار محمد قادیانی)

(۴) ''اور در حقیقت میرے اور میرے خدا کے درمیان ایسے باریک راز ہیں جن کو دنیا نہیں جانتی اور مجھے خدا سے ایک نہانی تعلق ہے جو قابل بیان نہیں۔'' (روحانی خزائن۔ جلد ۲۱، صفحہ ۶۳)

(۵) ''مرزا قادیانی کا ایک شعر ملاحظہ فرمائیں:

کرم خاکی ہوں پیارے نہ آدم زاد ہوں
ہوں بشر کی جائے نفرت اور انسانوں کی عار (روحانی خزائن۔ جلد ۲۱، صفحہ ۹۷)

(۶) ''آپ کو شیرینی سے بہت پیار ہے اور مرض بول بھی عرصہ سے آپ کو لگی ہوئی ہے۔ اس زمانہ میں آپ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مٹی کے ڈھیلے بعض وقت جیب میں ہی رکھتے تھے اور اسی جیب میں گڑ کے ڈھیلے بھی رکھ لیا کرتے تھے۔‘‘

(حضرت مسیح موعود کے مختصر حالات۔ صفحہ ۶۷ مرتبہ معراج الدین عمر)

(۷) ’’سو ایک چادر میرے اوپر کے حصہ میں ہے کہ ہمیشہ سر درد اور دوران سر اور کمی خواب اور تشنج دل کی بیماری دورہ کے ساتھ آتی ہے اور دوسری چادر جو میرے نیچے کے حصہ بدن میں ہے‘ وہ بیماری ذیابیطس ہے کہ مدت سے دامن گیر ہے اور بسا اوقات سو سو دفعہ رات کو یا دن کو پیشاب آتا ہے اور اس قدر کثرتِ پیشاب سے جس قدر عوارض (بیماریاں) ضعف وغیرہ ہوتے ہیں۔ وہ سب میرے شامل حال رہتے ہیں۔‘‘ (روحانی خزائن۔ جلد ۱۷‘ صفحہ ۴۷۱)

(۸) ’’مجھے کئی سال سے ذیابیطس کی بیماری سے پندرہ بیس مرتبہ روز پیشاب آتا ہے اور بعض دفعہ سو سو دفعہ ایک ایک دن میں پیشاب آتا ہے۔‘‘ (روحانی خزائن۔ جلد ۱۹‘ صفحہ ۴۳۴)

(۹) ’’ایک دفعہ مجھے مرض ذیابیطس کے سبب بہت تکلیف تھی۔ کئی دفعہ سو سو مرتبہ دن میں پیشاب آتا تھا۔‘‘

(روحانی خزائن۔ جلد ۱۸‘ صفحہ ۶۱۳)

(۱۰) ’’میں توأم پیدا ہوا تھا اور میرے ساتھ ایک لڑکی تھی جس کا نام جنت تھا اور یہ الہام کہ ’’یا آدم اسکن انت وزوجک الجنة‘‘ جو آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ صفحہ ۴۹۶ میں درج ہے۔ اس میں جو جنت کا لفظ ہے۔ اس پر ایک لطیف اشارہ ہے کہ وہ لڑکی جو میرے ساتھ پیدا ہوئی۔ اس کا نام جنت تھا اور یہ لڑکی صرف سات ماہ تک زندہ رہ کر فوت ہو گئی تھی۔ غرض چونکہ خدا تعالیٰ نے اپنے کلام اور الہام میں مجھے آدم صفی اللہ سے مشابہت دی ہے تو اس بات کی طرف اشارہ تھا۔‘‘ (روحانی خزائن۔ جلد ۱۵‘ صفحہ ۴۷۹)

ماھانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان

☆ دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی، ملتان ☆ 28/ اکتوبر 2004ء بروز جمعرات، بعد نماز مغرب

ابن امیر شریعت حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم
(امیر مجلس احرار اسلام پاکستان)

الداعی: سید محمد کفیل بخاری ناظم جامعہ معمورہ، دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی، ملتان فون: 061-511961

© rasailojaraid.com